فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کی سرگرمیوں کا عکاس جریدہ

# فیسکو نیوز

وزارت توانائی (پاور ڈویژن)
حکومت پاکستان

FESCO

ایڈیشن: ستمبر 2024ء  شمارہ نمبر: 169  جلد نمبر: 12  کل صفحات: 16

## پاکستان کی معیشت میں پاور سیکٹر ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے

## حکومت نے بجلی چوری پر قابو پانے کے لیے جرات مندانہ اقدامات کیے

سردار اویس احمد خان لغاری
وفاقی وزیر توانائی (پاور ڈویژن)

## پاور سیکٹر میں اصلاحات لانے کے لیے ایکشن پلان مرتب کر کے اس میں بہتری لائی جا رہی ہے

## ڈسکوز میں غیر سیاسی اور مستند انڈیپینڈنٹ بورڈ آف ڈائریکٹرز کا تقرر کیا گیا ہے







# فیسکو نیوز

ایڈیشن: ستمبر 2024ء شمارہ نمبر: 169 جلد نمبر: 12 کل صفحات: 16



منتظم اعلیٰ

**انجینئر محمد عامر**

چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو



مدیر اعلیٰ

**غلام مجتبیٰ خان**

ڈائریکٹر جنرل ایڈمن فیسکو



مدیر

**طاہر محمود شیخ**

ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل (پبلک ریلیشنز) فیسکو

## ایڈیٹوریل ٹیم



اویس دانش



ایوب احمد

## فوٹوگرافی



محمد وسیم

پبلشر
شعبہ تعلقات عامہ فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کینال روڈ فیصل آباد
Toll Free: 080066554, Help Line: 118, +92419220282, www.fesco.com.pk

## عرض مدیر

وفاقی وزیر توانائی (پاور ڈویژن) سردار اویس احمد خان لغاری نے وفاقی سیکرٹری برائے توانائی ڈاکٹر محمد فخر عالم عرفان کے ہمراہ فیسکو ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا اور بورڈ آف ڈائریکٹرز و مینجمنٹ افسران کے اجلاس سے خطاب کیا اور کہا کہ پاکستان کی معیشت میں پاور سیکٹر ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ پاور سیکٹر میں اصلاحات لانے کیلئے ایکشن پلان مرتب کر کے اس میں بہتری لائی جارہی ہے جن کے ذریعے نقصانات کو کم کر کے بجلی کی پیداواری لاگت میں کمی لائی جارہی ہے تاکہ صارفین کو سستی بجلی فراہم ہو سکے۔ بجلی چوری کسی صورت برداشت نہیں ہے اس قومی اور مکروہ جرم کے خلاف پاکستان بھر کی تقسیم کار کمپنیوں میں دن اور رات کے اوقات میں آپریشن جاری ہے جس کے مثبت نتائج ملے ہیں بجلی چوری کے خلاف بلا امتیاز مہم جاری رہے گی۔ انھوں نے کہا کہ بجلی چوری کی وجہ سے ملکی معیشت کو بڑا دھچکا لگ رہا تھا جس کی وجہ سے حکومت نے اس پر قابو پانے کے لیے جرات مندانہ اقدامات کئے۔ ڈسکوز میں غیر سیاسی اور مستند انڈیپنڈنٹ بورڈ آف ڈائریکٹرز کا تقرر کر دیا گیا ہے جو کہ بجلی چوری کے خاتمے اور صارفین کو بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے بھرپور اقدامات کر رہے ہیں جبکہ بجلی چوری کے مکمل خاتمے کیلئے کمپنیوں کو فری ہینڈ دیا گیا ہے تاکہ بجلی چوری عناصر کے خلاف بلاتفریق کارروائی کر سکیں۔ بجلی چوری کے حوالے سے انھوں نے فیسکو کی مجموعی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ فیسکو افسران اور ملازمین کو بجلی چوری کے خلاف جاری مہم میں مزید بہتر کارکردگی دکھاتے ہوئے کمپنی سے بجلی چوری کے مکمل خاتمے کیلئے کام کرنا چاہئے۔ انھوں نے بجلی چوری کے خلاف مہم میں مزید تیزی لانے، ریکوریز کو بہتر بنانے کیلئے حوالے سے بھی ہدایات جاری کیں۔

## اس شمارے میں


04 اپنے پیارے نبی ﷺ کی پاکیزہ زندگی میں ڈھل جائیں
05 وفاقی وزیر توانائی (پاور ڈویژن) سردار اویس احمد خان لغاری کا سیکرٹری توانائی ڈاکٹر محمد فخر عالم عرفان کے ہمراہ فیسکو ہیڈ کوارٹرز کا دورہ
07 فیسکو نے حکومت پنجاب کی جانب سے فیسکو کے آٹھ اضلاع میں ماہ اگست کے ریلیف پر مشتمل بل جاری کر دیئے
08 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی فیسکو ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کرنے والی ٹرینی اسسٹنٹ کمشنرز عطیہ فاطمہ اور ڈاکٹر شازمہ فاطمہ سے گفتگو
09 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کا فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں جی ایس سی اور جی ایس او کے ملازمین کو تعریفی سرٹیفکیٹ دینے کی تقریب سے خطاب
10 فیسکو کمپیوٹر سنٹر میں قائم کئے گئے ڈے کیئر سنٹر کے افتتاح کے موقع پر چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کا افسران و ملازمین سے خطاب
11 شوکاز نوٹس برائے کارروائی
12 ڈپٹی ڈائریکٹر آر ٹی سی سجاد حیدر اعوان کا اکاؤنٹس اسسٹنٹ اور آڈٹ اسسٹنٹ کی ترقی کیلئے محکمانہ ٹریننگ کی اختتامی تقریب سے خطاب
13 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر ٹو فیز ٹرانسفارمرز کو تھری فیز میں تبدیل کرنے کیلئے اقدامات
13 شعبہ کنسٹرکشن: فیسکو ریجن میں 209.905 ملین سے زائد کی لاگت سے مختلف منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا گیا
14 پاکستان کی آب و ہوا کیلئے موزوں درخت کون کون سے ہیں؟
15 فیسکو ریجن میں صارفین بجلی کے مسائل کے فوری ازالہ کیلئے روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہریوں کے انعقاد کا سلسلہ جاری

# اپنے پیارے نبی ﷺ کی پاکیزہ زندگی میں ڈھل جائیں

میری زندگی کا تجھ سے یہ نظام چل رہا ہے
تیرا آستاں سلامت میرا کام چل رہا ہے
کڑھی دھوپ کے سفر میں نہیں کچھ نصیر کو غم
تیرے سایہ کرم میں یہ غلام چل رہا ہے

پیارے آقا محمد مصطفیٰ تمام جہانوں کے لیئے رحمت بن کر آئے، آپ کی ذات وصفات بے مثال ہیں۔تمام مخلوقات جیسے انسان، فرشتے، جن، چرند، پرند، حیوانات، نباتات وغیرہ اور تمام دنیا کے قلم وسیاہیاں اکٹھی ہو جائیں، لیکن میرے نبی پاک کی شان بیان کرنا ناممکن ہے۔ اگر ہم لوگ آپ کی ایک صفت سوچنے بیٹھ جائیں تو زمانے لگ جائیں۔آپ کی ذات اور صفات کے بارے میں صرف اللہ پاک جانتا ہے۔اسی لئے اللہ نے اپنے نام کے ساتھ اپنے حبیب حضرت محمدؐ کے نام کو ہمیشہ کے لئے جوڑ دیا۔آپ کتنی عظیم ہستی ہیں کہ تمام کائنات کا خالق بھی ہر پل آپؐ پر درود وسلام بھیج رہا ہے، اور تمام فرشتے بھی یہی عمل کر رہے ہیں۔

ہم خوش قسمت ہیں کہ آپ کی امت میں پیدا ہوئے اور اللہ پاک کا ایک اور بڑا احسان کہ ہم لوگ مسلمان گھرانے میں پیدا ہوئے۔آپ کی نسبت، وسیلے اور یاد سے ہمیں حقیقی سکون نصیب ہوتا ہے اور ہمارے سب کام ٹھیک ہو جاتے ہیں۔آپؐ ہی کی شفاعت سے ہماری بخشش ہوگی ورنہ ہمارے اعمال کسی قابل نہیں۔لوگوں کا دل توڑنا ہمارا ہر پل کا معمول ہے جب کہ آپؐ دلوں کو جوڑنے آئے، ہم سب جھوٹ کا سہارا لیتے ہیں، بے ایمانی عروج پر ہے، اور آپؐ صادق وامین بن کر آئے، ہم ظلم کا ساتھ دے کر کمزوروں سے حق چھین رہے ہیں، آپؐ ہمیں حقوق دینے آئے اور مظلوم کے ساتھ کھڑے رہے، ہم تاریکی اور ظلمت میں ڈوبے ہوئے، آپؐ نور بن کر آئے۔ہم بے سہارا ہوئے، آپؐ ہمارا سہارا بن کر آئے۔آپؐ دن ورات میں اپنے اللہ کی یاد وعبادت میں قیام وسجود کرتے رہے، ہم اللہ کی یاد سے غافل ہو گئے۔ آپؐ ہمیں سچ سکھا کر گئے، ہمارے جھوٹ نے ہمیں تباہ وہلاک کر دیا۔آپؐ نے فرمایا میری امت کے غریب اور پسے طبقے کا بہت خیال رکھنا (حدیث کا مفہوم)۔ہم نے غریبوں اور پسے ہوئے لوگوں کو مزید بے بس اور کمزور کر دیا۔

آپؐ نے ہمیں ظلم کے خلاف کھڑا ہونے کا حکم دیا، ہم ظالم کے ساتھ کھڑے ہوئے۔کاش ہم اتنی تو وفا کرتے کہ اپنے نبی کی اداؤں اور کردار پر عمل کرتے۔ہمیں دولت، عہدوں اور شہرت نے آگھیرا۔ہم اللہ کے سامنے کھڑا ہونے کو بھول گئے، اپنے پیارے نبی کا سامنا کیسے کریں گے۔ہم نے آپ کی یاد کو بھلا دیا، اور آپؐ ہمیں دنیا سے پردہ فرماتے ہوئے بھی نہیں بھولے۔امتی، امتی، یا اللہ میری امت۔۔۔پکارتے ہوئے اپنے حقیقی رفیق اللہ سے جا ملے۔ہم کیسے عاشق رسولؐ ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں جب کہ ہم نے اپنے نبیؐ سے بے وفائی کر لی۔کاش ہم تھوڑی تو وفا کر لیتے۔ہم ختم نبوت جیسے اہم مسئلے سے بیزار ہو گئے، اپنی زندگیوں میں اتنا مگن ہو گئے کہ اپنے شفیق نبی کو ہی بھول بیٹھے۔حضرت محمدؐ اللہ کے آخری نبی اور رسول ہیں اور آپؐ کے بعد کوئی نبی نہیں" یہ جملہ چھوٹے سے چھوٹا بچہ بھی با آسانی یاد کر سکتا ہے اور ہمیشہ کے لیئے اس کے ذہن میں نقش کر جائے گا۔اپنے نبی کی پاکیزہ زندگی میں ڈھلنے کے لیے نماز قائم کریں، حق کا ساتھ دیں، ظلم کے خلاف کھڑے ہوں، مظلوم کا ساتھ دیں، غریبوں اور پسے ہوئے بے بس لوگوں کا ساتھ دیں، سچائی کو اپنائیں، اپنے نبی کو کثرت سے یاد کریں۔حقوق اللہ اور حقوق العباد کا خیال رکھیں، ہمسایوں کا خاص خیال رکھیں۔

ہمارے پاس زندگی گزارنے کے لئے دو ہی راستے ہیں، یا تو ہم مظلوم کا ساتھ دے کر حضرت حسینؓ کے ساتھی بن جائیں، یا ہم ظالم کا ساتھ دے کر یزید لعنتی کے ساتھی بن جائیں فیصلہ ہمارے اپنے ہاتھوں میں ہے۔میرے آقاؐ نے فرمایا" جو شخص کسی مظلوم کا حق دلانے کے لئے اس کے ساتھ چلے گا، اس کے ساتھ کھڑا ہوا گا، اللہ تعالیٰ اسے اس دن پل صراط پر ثابت قدم رکھے گا جس دن بہت سے قدم لغزش کھا جائیں گے۔(حدیث کا مفہوم)۔آئیں اپنی باقی زندگی اپنے نبی کی غلامی میں گزارنے کا عہد کریں۔اللہ ہمیں دنیا میں بھی کامیاب کرے گا اور آخرت میں بھی۔انشاء اللہ۔

# وفاقی وزیر توانائی (پاور ڈویژن) سردار اویس احمد خان لغاری کا فیسکو ہیڈ کوارٹرز کا دورہ

## فیسکو ہیڈکوارٹرز کے دورہ کے موقع پر وفاقی سیکرٹری توانائی (پاور ڈویژن) ڈاکٹر محمد فخر عالم عرفان بھی ہمراہ تھے

## پاکستان کی معیشت میں پاور سیکٹر ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے

سردار اویس احمد خان لغاری
وفاقی وزیر توانائی (پاور ڈویژن)

## پاور سیکٹر میں اصلاحات لانے کے لیے ایکشن پلان مرتب کر کے اس میں بہتری لائی جارہی ہے

## وزیراعظم پاکستان کی ہدایت پر انقلابی اصلاحات کے ذریعے بجلی کے بحران پر قابو پالیا ہے

## حکومت پنجاب کے تعاون سے بجلی صارفین کو 45 ارب روپے کا ریلیف مہیا کیا جارہا ہے

## ڈسٹری بیوشن کمپنیوں میں غیر سیاسی اور مستند انڈیپنڈنٹ بورڈ اف ڈائریکٹرز کا تقرر کر دیا گیا ہے

وفاقی وزیر توانائی (پاورڈویژن) سردار اویس احمد خان لغاری نے کہا ہے کہ پاکستان کی معیشت میں پاور سیکٹر ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ پاور سیکٹر میں اصلاحات لانے کیلئے ایکشن پلان مرتب کر کے اس میں بہتری لائی جارہی ہے۔ جن کے ذریعے نقصانات کو کم کر کے بجلی کی پیداواری لاگت میں کمی لائی جارہی ہے تاکہ صارفین کو سستی بجلی فراہم ہو سکے۔ بجلی چوری کسی صورت برداشت نہیں ہے۔ اس قومی اور مکروہ جرم کے خلاف پاکستان بھر کی تقسیم کار کمپنیوں میں دن اور رات کے اوقات میں آپریشن جاری ہے جس کے مثبت نتائج ملے ہیں بجلی چوری کے خلاف بلا امتیاز مہم جاری رہے گی وہ فیسکو ہیڈکوارٹرز میں ادارے کی کارکردگی اور بجلی چوری کے خلاف مہم کے جائزہ اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ ان کے ہمراہ وفاقی سیکرٹری برائے توانائی ڈاکٹر محمد فخر عالم عرفان بھی موجود تھے۔ انھوں نے کہا کہ بجلی چوری کی وجہ سے ملکی معیشت کو بڑا دھچکا لگ رہا تھا جس کی وجہ سے حکومت نے اس پر قابو پانے کے لیے جرات مندانہ اقدامات کئے۔ ہم نے وزیراعظم پاکستان کی ہدایات پر انقلابی



وفاقی وزیر توانائی (پاورڈویژن) سردار اویس احمد خان لغاری اور وفاقی سیکرٹری برائے توانائی ڈاکٹر محمد فخر عالم عرفان فیسکو ہیڈکوارٹرز کے دورہ کے موقع پر اجلاس سے خطاب کررہے ہیں، چیئرمین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز عمر فاروق خان اور بورڈ ممبران عامر ضیاء، محترمہ زوئی خورشید خان اور چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر بھی موجود ہیں





وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری اور وفاقی سیکرٹری ڈاکٹر محمد فخر عالم عرفان کو چیئر مین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز عمر فاروق خان فیسکو کی طرف سے یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

اصلاحات اپنا کر بجلی کے بحران پر قابو پالیا ہے اور انشاء اللہ بجلی چوری میں مزید 40 فیصد کمی لائی جائے گی۔ انھوں نے مزید کہا ڈسٹری بیوشن کمپنیوں میں غیر سیاسی اور مستند انڈ پینڈنٹ بورڈ آف ڈائریکٹرز کا تقرر کر دیا گیا ہے جو کہ بجلی چوری کے خاتمے اور صارفین کو بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے بھرپور اقدامات کر رہے ہیں جبکہ بجلی چوری کے مکمل خاتمے کیلئے کمپنیوں کو فری ہینڈ دیا گیا ہے تا کہ بجلی چوری عناصر کے خلاف بلاتفریق کارروائی کر سکیں۔ بجلی چوری کے حوالے سے انھوں نے فیسکو کی مجموعی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ بجلی کی چوری کسی ایک جغرافیائی علاقے یا صوبے تک محدود نہیں ہے بلکہ پورے ملک میں پھیلی ہوئی ہے جس کے خاتمے کیلئے بھرپور اقدامات ضروری ہیں۔ انھوں نے کہا کہ فیسکو افسران اور ملازمین کو بجلی چوری کے خلاف جاری مہم میں مزید بہتر کارکردگی دکھاتے ہوئے کمپنی سے بجلی چوری کے



وفاقی وزیر توانائی (پاور ڈویژن) سردار اویس احمد خان لغاری اور وفاقی سیکرٹری برائے توانائی ڈاکٹر محمد فخر عالم عرفان فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

مکمل خاتمے کیلئے کام کرنا چاہیئے۔ انھوں نے بجلی چوری کے خلاف مہم میں مزید تیزی لانے، ریکوریز کو بہتر بنانے کیلئے حوالے سے بھی ہدایات جاری کیں۔ سردار اویس لغاری نے کہا کہ حکومت صارفین کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کرنے کیلئے کوشاں ہے اور اس سلسلے میں حکومت پنجاب سے تعاون سے بجلی صارفین کو 45 ارب روپے کا ریلیف مہیا کیا جا رہا ہے تا کہ وہ با آسانی بلوں کی ادائیگی کر سکیں۔ 14 روپے فی یونٹ کا ریلیف 201 سے 500 یونٹس استعمال کرنے والے صارفین کو دیا

جارہا ہے۔کسٹمر کیئر کے حوالے سے انھوں نے کہا کہ فیسکو ملازمین اور افسران کی جانب سے صارفین کو سروسز کی فراہمی میں کسی بھی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔انھوں نے فیسکو افسران اور ملازمین پر زور دیا کہ صارفین کی بجلی سے متعلقہ شکایات کا فوری ازالہ کریں۔قبل ازیں کمپنی کارکردگی کے بارے میں چیئرمین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز عمر فاروق خان نے کہا فیسکو صارفین کو بہترین کسٹمر سروسز کی فراہمی کیلئے جدید ٹیکنالوجی،اے ایم آئی میٹرز کی تنصیب،سمارٹ ٹرانسفارمرز اور دیگر اقدامات کو بروئے کار لایا جارہا ہے۔اور کمپنی کو مزید بہتری کی طرف گامزن کیا جائے گا۔اس موقع پر چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ فیسکو ریجن میں بجلی چوری کے خلاف بھرپور مہم جاری ہے ستمبر 2023 سے اب تک کل 11 ہزار سے زائد بجلی چوری کے کیسز پکڑے گئے ہیں ان میں 11 ہزار 4 سو سے زائد مقدمات کا اندراج کیا گیا ہے جبکہ 8 ہزار 3 سو سے زائد بجلی چوروں کو گرفتار کیا گیا ہے۔5 ملازمین کو گرفتار اور 27 کو معطل کر کے انکوائریاں کی جارہی ہیں۔بجلی چوروں کو 27.16 ملین یونٹس جرمانہ کیا گیا ہے جس کی مالیت 847.88 ملین روپے ہے۔بجلی چوروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔فیسکو صارفین کو بہترین کسٹمر سروسز کی فراہمی کیلئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ہدایات کی روشنی میں جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لایا جارہا ہے۔اجلاس کے اختتام پر چیئرمین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز عمر فاروق خان نے وفاقی وزیر توانائی (پاور ڈویژن) سردار اویس احمد خان لغاری اور سیکرٹری برائے توانائی ڈاکٹر محمد فخر عالم عرفان کو فیسکو کی طرف سے یادگاری شیلڈ پیش کیں۔اجلاس میں چیئرمین پی پی ایم سی ثاقب جمال،چیئرمین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز عمر فاروق خان،فیسکو بورڈ ممبران عامر ضیاء اور محترمہ زوئی خورشید خان بھی موجود تھے۔

## فیسکو نے حکومت پنجاب کی جانب سے فیسکو کے آٹھ اضلاع میں ماہ اگست کے ریلیف پر مشتمل بل جاری کر دیئے

## 13 لاکھ 98 ہزار سے زائد صارفین کو 5 ارب 62 کروڑ 82 لاکھ روپے کا ریلیف فراہم کیا گیا ہے

## 201 سے 500 یونٹس استعمال کرنے والے گھریلو صارفین کو 14 روپے فی یونٹ کے حساب سے ریلیف دیا گیا ہے

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) نے حکومت پنجاب کی جانب سے فیسکو کے آٹھ اضلاع فیصل آباد،ٹوبہ ٹیک سنگھ،چنیوٹ،جھنگ،سرگودھا،خوشاب،میانوالی اور بھکر کے 13 لاکھ 98 ہزار سے زائد صارفین کو 5 ارب 62 کروڑ 82 لاکھ روپے کا ریلیف فراہم کیا ہے۔مذکورہ ریلیف فیسکو ریجن کے گھریلو صارفین کو ماہ اگست کے بجلی بلوں میں 14 روپے فی یونٹ کے حساب سے 201 سے 500 یونٹس استعمال کرنے والے صارفین کے بلوں میں دیا گیا ہے۔علاوہ ازیں صارفین کی سہولت کیلئے ماہ اگست کے بلوں کی تاریخ ادائیگی میں بھی توسیع کر دی گئی ہے اور ریلیف والے بل صارفین کو جاری کر دیئے گئے ہیں اور فیسکو کی ویب سائیٹ پر بھی دستیاب ہیں۔ضلع فیصل آباد میں 6 لاکھ 18 ہزار 400 صارفین کو 182.30 ملین کلوواٹ یونٹس کی مد میں 2 ارب 55 کروڑ 23 لاکھ روپے کا ریلیف دیا گیا ہے۔اسی طرح ضلع چنیوٹ کے 69 ہزار 219 صارفین کو 19.53 ملین کلو واٹ یونٹس کی مد میں 27 کروڑ 34 لاکھ روپے کا ریلیف دیا گیا ہے۔ضلع جھنگ کے 13 لاکھ 469 صارفین کو 36.66 ملین کلوواٹ یونٹس کی مد میں 51 کروڑ 32 لاکھ روپے کا ریلیف دیا گیا ہے۔ضلع سرگودھا کے 24 لاکھ 4 ہزار 469 صارفین کو 70.32 ملین کلوواٹ یونٹس کی مد میں 98 کروڑ 45 لاکھ روپے کا ریلیف دیا گیا ہے۔ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کے 14 لاکھ 2 ہزار 935 صارفین کو 40.11 ملین کلو واٹ یونٹس کی مد میں 56 کروڑ 16 لاکھ روپے کا ریلیف دیا گیا ہے۔ضلع خوشاب کے 63 ہزار 621 صارفین کو 17.55 ملین کلو واٹ یونٹس کی مد میں 24 کروڑ 56 لاکھ روپے کا ریلیف دیا گیا ہے۔ضلع میانوالی کے 64 ہزار 181 صارفین کو 17.63 ملین کلوواٹ یونٹس کی مد میں 24 کروڑ 68 لاکھ روپے کا ریلیف دیا گیا ہے۔ضلع بھکر کے 65 ہزار 151 صارفین کو 17.92 ملین کلوواٹ یونٹس کی مد میں 25 کروڑ 9 لاکھ روپے کا ریلیف دیا گیا ہے۔

# فیسکو کا شمار پاکستان کی ممتاز ترین کمپنیوں میں ہوتا ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

## فیسکو کے تمام افسران اور ملازمین صارفین کے مسائل کے ازالہ کیلئے کوشاں ہیں

### چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کا ٹرینی اسسٹنٹ کمشنرز عطیہ فاطمہ اور ڈاکٹر شازمہ فاطمہ کے فیسکو ہیڈ کوارٹرز کے دورہ کے موقع پر تبادلہ خیال

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر نے کہا ہے کہ فیسکو کا شمار پاکستان کی ممتاز ترین کمپنیوں میں ہوتا ہے اس کے لاسز نیپرا اہداف سے بھی کم ہیں اور ریکوری سو فیصد ہے۔ فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع میں 53 لاکھ سے زائد صارفین کو بجلی فراہم کر رہا ہے۔ فیسکو ریجن کے چھ آپریشن سرکلز فیصل آباد فرسٹ، سیکنڈ، جھنگ، سرگودھا، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور میانوالی کے تمام فیڈرز اے کیٹگری میں شامل ہونے کی وجہ سے کہیں بھی لوڈ مینجمنٹ نہیں کی جارہی اور تمام صارفین کو بلاتعطل بجلی مہیا کی جارہی ہے۔ فیسکو کے تمام افسران اور ملازمین صارفین کے مسائل کے ازالہ کیلئے کوشاں ہیں یہ باتیں انھوں نے فیسکو ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کرنے والی ٹرینی اسسٹنٹ کمشنرز عطیہ فاطمہ اور ڈاکٹر



ٹرینی اسسٹنٹ کمشنرز عطیہ فاطمہ اور ڈاکٹر شازمہ فاطمہ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر سے ملاقات کر رہی ہیں اس موقع پر ڈی جی (ایچ آر) فرخ آفتاب بھی موجود ہیں

شازمہ فاطمہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ فیسکو ریجن میں کسٹمر سروسز کی سہولیات کو مزید بہتر کرنے کیلئے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کر رہا ہے۔ اے ایم آئی میٹرز کی تنصیب کی جارہی ہے جبکہ صارفین کے مسائل کے فوری حل کیلئے روزانہ کی بنیاد پر فیسکو کی تمام 140 سب ڈویژنوں میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جارہا ہے جس میں ایس ڈی اوز اور سنیئر افسران صارفین کے مسائل سن کر موقع پر ان کا ازالہ کر رہے ہیں تاکہ صارفین مطمئن ہوں کیوں کہ ایک مطمئن صارف ہی کمپنی کی بہترین کارکردگی کا عکاس ہوتا ہے۔ اس موقع پر ٹرینی اسسٹنٹ کمشنرز عطیہ فاطمہ اور ڈاکٹر شازمہ فاطمہ نے فیسکو کی کارکردگی کو سراہا اور اسے دوسری کمپنیوں کیلئے قابل تقلید قرار دیا اور امید ظاہر کی کہ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کی سربراہی میں فیسکو ترقی کی مزید منازل طے کرے گی۔

**قارئین فیسکو نیوز کی خصوصی توجہ کیلئے**

تمام فیسکو افسران اور ملازمین کے لئے ''فیسکو نیوز'' کے صفحات حاضر ہیں، وہ اپنی تجاویز، آراء، مضامین اور اپنے اپنے شعبوں میں ہونے والی مختلف سرگرمیوں پر مبنی تحریریں، تصاویر ہمیں بھجوا سکتے ہیں، انہیں شکریہ کے ساتھ شامل اشاعت کیا جائے گا، اپنی تحریریں ہر ماہ کی 25 تاریخ تک ہمیں درج ذیل پتہ پر بذریعہ ڈاک، ای میل اور واٹس ایپ کے ذریعے بھجوائیں

ایڈیشنل ڈی جی (پبلک ریلیشنز) فیسکو ہیڈ کوارٹرز کینال روڈ فیصل آباد

Ph: 0419220282, Whatsapp: 0345-1500680, Email: fescopr@gmail.com

# محنتی اور فرائض منصبی ایمانداری سے ادا کرنیوالے ملازمین کی حوصلہ افزائی کی جائے گی

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

## اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ملازمین کو ایوارڈ جبکہ ناقص کارکردگی کی صورت میں سزا کا سامنا کرنا ہوگا

## چالولائنوں پر کام کرتے ہوئے اپنی، اپنے ساتھیوں، محکمہ کی املاک اور عوام الناس کی جان و مال کی حفاظت کو یقینی بنائیں

## صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی نہایت ضروری ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ اپنی جان کی حفاظت بھی دینی فریضہ ہے

## چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کا بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ملازمین کو تعریفی سرٹیفکیٹس دینے کی تقریب سے خطاب



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر 132 کے وی سکارپ کالونی گرڈ سٹیشن پر خراب سرکٹ بریکر کو ریکارڈ مدت میں بحالی پر سٹاف کو تعریفی سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے کہا ہے کہ محنتی اور فرائض منصبی ایمانداری سے ادا کرنے والے ملازمین کے لئے تعریفی سرٹیفکیٹس اور ایوارڈز دینے کا سلسلہ جاری ہے جس سے نہ صرف مقابلے کی فضا پیدا ہوتی ہے بلکہ کمپنی کی مجموعی کارکردگی بہتر ہوتی ہے انھوں نے یہ باتیں فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں 132 کے وی سکارپ کالونی گرڈ سٹیشن پر خراب سرکٹ بریکر کو ریکارڈ مدت میں بحالی پر سٹاف کو تعریفی سٹوفکیٹ دیتے ہوئے کہیں جن میں گرڈ سسٹم آپریشن (جی ایس او) کی مینٹی نینس سب ڈویژن جڑانوالہ روڈ اور مینٹی نینس سب ڈویژن نشاط آباد جبکہ گرڈ سسٹم کنسٹرکشن (جی ایس سی) کی ٹی ایل سی سب ڈویژن کے دس ملازمین شامل تھے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل (ایچ آر) فرخ آفتاب، پی ڈی (جی ایس او) عصمت اللہ اور پی ڈی (جی ایس سی) بھی موجود تھے۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے مزید کہا کہ فیسکو میں جزا اور سزا کا سلسلہ مستقبل میں بھی جاری رہے گا۔ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ملازمین کو ایوارڈ جبکہ ناقص کارکردگی کی صورت میں سزا کا سامنا کرنا ہوگا۔ اس موقع پر انھوں نے لائن سٹاف کو ہدایت کی کہ چالولائنوں پر کام کرتے ہوئے اپنی، اپنے ساتھیوں، محکمہ کی املاک اور عوام الناس کی جان و مال کی حفاظت کو یقینی بنائیں۔ صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کیلئے فرائض منصبی کی ادائیگی نہایت ضروری ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ اپنی جان کی حفاظت بھی دینی فریضہ ہے۔ حفاظتی ٹی اینڈ پی کے بغیر کام کر کے اپنے آپ کو موت کے منہ میں مت دھکیلیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مکمل اور معیاری ٹی اینڈ پی اور پرمٹ کے بغیر کام کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جارہی ہے۔ اس موقع پر انھوں نے فیسکو سٹاف کو اپنے فرائض مزید تندہی، لگن اور محنت سے ادا کرنے کی ہدایت بھی کی۔ تقریب کے اختتام پر چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اسسٹنٹ فورمین فیاض احمد، نصیر احمد اور مجاہد اقبال، فٹر ون محمد وقاص، محمد عمران اور فہیم ممتاز، لائن سپرنٹنڈنٹ ون محمد آصف، لائن مین ون محمد ناصر حنیف اور نواز شریف جبکہ لائن مین سیکنڈ اکبر علی کو تعریفی سرٹیفکیٹس دیئے۔

# فیسکو میں خواتین ملازمین کو بہترین سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

## خواتین مختلف اداروں میں اپنی خدمات انجام دینے کے ساتھ ساتھ بطور والدہ بھی ذمہ داریوں کو نبھانے کے لیے جدو جہد کررہی ہیں

## فیسکو میں بڑی تعداد میں خواتین اپنی بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر محکمہ کی ترقی میں مردوں کے شانہ بشانہ اپنا کردار ادا کررہی ہیں

## ڈے کیئر سنٹر کے قیام سے ماؤں کو کام پر زیادہ پیداواری صلاحیتوں، فکر سے آزادی، ذاتی اطمینان اور تکمیل کا احساس ہوگا

## چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کا فیسکو کمپیوٹر سنٹر میں خواتین کی سہولت کیلئے قائم کئے گئے ڈے کیئر سنٹر کے افتتاح کے موقع پر خطاب

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے کہا ہے کہ فیسکو میں کام کرنے والی خواتین ملازمین کو بہترین سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے۔ خواتین مختلف اداروں میں





چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر، ڈی جی ایچ آر فرخ آفتاب، ڈی جی ایڈمن غلام مجتبیٰ اور دیگر فیتہ کاٹ کر فیسکو کمپیوٹر سنٹر میں قائم ڈے کیئر سنٹر کا افتتاح کررہے ہیں

اپنی خدمات انجام دینے کے ساتھ ساتھ بطور والدہ بھی ذمہ داریوں کو نبھانے کے لیے جدو جہد کررہی ہیں اس لئے ان کی حوصلہ افزائی اور انہیں کام کے دوران بہترین اور خوشگوار ماحول فراہم کرنا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے یہ باتیں فیسکو کمپیوٹر سنٹر میں قائم کئے گئے ڈے کیئر سنٹر کے افتتاح کے موقع پر کہیں۔ چیف ایگزیکٹو





انجینئر محمد عامر نے مزید کہا کہ فیسکو میں بڑی تعداد میں خواتین کام کر رہی ہیں اور اپنی بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر محکمہ کی ترقی میں مردوں کے شانہ بشانہ اپنا کردار ادا کر رہی ہیں۔ انہیں کام کے دوران ذہنی آزادی/سکون کیلئے اس سہولت کا قیام عمل میں لایا گیا ہے تاکہ وہ مزید محنت اور تندہی کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دے سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ سہولت کام کرنے والی ماؤں کو کام پر زیادہ پیداواری صلاحیتوں، فکر سے آزادی، ذاتی اطمینان اور تکمیل کے احساس کے لیے بنائی گئی ہے۔ اس ڈے کیئر سنٹر میں بچوں کو کھیل کود اور خوراک سمیت دیگر ضروری سہولیات فراہم کی گئیں ہیں جبکہ ہمہ وقت ان کی نگرانی اور دیکھ بھال کیلئے ایک آیا کا انتظام بھی کیا گیا ہے۔ چیف ایگزیکٹو نے کہا کہ خواتین اب زیادہ دلجمعی کے ساتھ کام کریں گی کیونکہ ان کے بچے یہاں محفوظ ہیں، ان کی اچھی طرح دیکھ بھال ہو رہی ہے اور وہ کھیل کے مواقع سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔ ڈے کیئر سنٹر ایک بڑے انڈور پلے ایریا پر مشتمل ہے جس میں بچوں کیلئے مختلف سرگرمیاں ہیں جس میں خاص طور پر بچوں کی حفاظت اور حفظان صحت پر زور دیا گیا ہے۔ ڈے کیئر سنٹر کے افتتاح کے موقع پر اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ایچ آر فرخ آفتاب، ڈی جی ایڈمن غلام مجتبیٰ خان، ایڈیشنل ڈی جی (پی آر) طاہر شیخ، ڈائریکٹر فنانس علی محمد، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹی ایس رضوان علی، آفس سپرنٹنڈنٹ محمد عاطف مان، سلمان احمد اور دیگر بھی موجود تھے۔

## شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) نور پور تھل سب ڈویژن کے اسسٹنٹ لائن مین صابر حسین ولد شمشیر علی آپ مورخہ 16-04-2024 سے مسلسل دانستہ طور پر تا حال اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں۔ آپ کو وضاحتی نوٹس نمبر 7947 بتاریخ 20-05-2024 جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا کوئی جواب نہیں دیا اور نہ ہی اپنی ڈیوٹی پر حاضر ہوئے بعد ازاں آپ کو مورخہ 20-05-2024 کو ذاتی شنوائی کیلئے بلایا گیا لیکن آپ پھر بھی حاضر نہ ہوئے۔ آپ کو شوکاز نوٹس نمبر 42-11941 بتاریخ 22-07-2024 اور 96-14195 بتاریخ 19-08-2024 بھی جاری کئے گئے لیکن آپ نے ان کا بھی کوئی جواب نہیں دیا اور نہ ڈیوٹی پر حاضر ہوئے۔ لہٰذا آپ کو آخری بار مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت/وصولی کے سات یوم کے اندر اندر اظہار وجوہ کریں کہ اس بے ضابطگی اور بے اطواری کی بناء پر واپڈا ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1978ء کی متعلقہ دفعات کے تحت آپ کے خلاف کارروائی عمل میں کیوں نہ لائی جائے۔ آپ اپنے دفاعی جواب میں یہ بھی لکھیں کہ آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں یہ سمجھ لیا جائے گا کہ آپ جان بوجھ کر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں اور آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کیلئے کچھ نہیں لہٰذا آپ کے خلاف ضابطے کی کارروائی یک طرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: ایڈیشنل سپرنٹنڈنگ انجینئر (آپریشن) فیسکو ڈویژن جوہر آباد




**FESCO News Online**

فیسکو نیوز کی سوفٹ کاپی فیسکو کی ویب سائیٹ www.fesco.com.pk پر بھی پوسٹ کی گئی ہے۔ قارئین اس سے استفادہ حاصل کرنے کیلئے ویب سائیٹ کا وزٹ کریں۔

For feedback
0419220282
fescopr@gmail.com

شعبہ تعلقات عامہ
فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کینال روڈ، عبداللہ پور فیصل آباد

## قارئین فیسکو نیوز کی خصوصی توجہ کیلئے

تمام فیسکو افسران اور ملازمین کے لئے ''فیسکو نیوز'' کے صفحات حاضر ہیں، وہ اپنی تجاویز، آراء، مضامین اور اپنے اپنے شعبوں میں ہونے والی مختلف سرگرمیوں پر مبنی تحریریں، تصاویر ہمیں بھجوا سکتے ہیں، انہیں شکریہ کے ساتھ شامل اشاعت کیا جائے گا، اپنی تحریریں ہر ماہ کی 25 تاریخ تک ہمیں درج ذیل پتہ پر بذریعہ ڈاک، ای میل اور واٹس ایپ کے ذریعے بھجوائیں

ایڈیشنل ڈی جی (پبلک ریلیشنز) فیسکو ہیڈ کوارٹرز کینال روڈ فیصل آباد

Ph: 0419220282, Whatsapp: 0345-1500680, Email: fescopr@gmail.com

سجاد حیدر اعوان
ڈپٹی ڈائریکٹر آر ٹی سی

# ٹریننگ انسان کے اندر موجود صلاحیتوں کو ابھارنے کا بہترین ذریعہ ہے

**اکاؤنٹس اور آڈٹ کسی بھی محکمہ کیلئے انتہائی اہمیت کے حامل شعبہ جات ہیں جن کے بغیر مالیاتی نظام بے سود ہو جاتا ہے**

**اپنی ڈیوٹی انتہائی ایمانداری اور محنت سے کریں کیونکہ ہمارا دین کامل بھی ہمیں رزق حلال کے حصول کا درس دیتا ہے**

**ڈپٹی ڈائریکٹر آر ٹی سی سجاد حیدر اعوان کا اکاؤنٹس اسسٹنٹ سے اکاؤنٹس آفیسر اور آڈٹ اسسٹنٹ سے اسسٹنٹ آڈٹ آفیسر ترقی کیلئے محکمانہ ٹریننگ کی اختتامی تقریب سے خطاب**

ریجنل ٹریننگ سنٹر فیسکو فیصل آباد میں اکاؤنٹس اسسٹنٹ سے اکاؤنٹس آفیسر اور آڈٹ اسسٹنٹ سے اسسٹنٹ آڈٹ آفیسر ترقی کیلئے محکمانہ ٹریننگ کی اختتامی تقریب منعقد ہوئی۔ یہ ٹریننگ 22 جولائی سے 23 اگست تک جاری رہی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی ڈائریکٹر ریجنل ٹریننگ سنٹر فیسکو سجاد حیدر اعوان نے کہا کہ ٹریننگ انسان کے اندر موجود صلاحیتوں کو ابھارنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ اکاؤنٹس اور آڈٹ کسی بھی محکمہ کیلئے انتہائی اہمیت کے حامل شعبہ جات ہیں جن کے بغیر مالیاتی نظام بے سود ہو جاتا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ٹریننگ حاصل کرنے والے ملازمین ٹریننگ سے حاصل کردہ تجربات اور مہارت کو اپنی عملی زندگی اور پیشہ ورانہ فرائض کی ادائیگی میں استعمال کر کے محکمہ اور صارفین کو فائدہ پہنچائیں تا کہ محکمہ اور صارفین دونوں تک اس کے ثمرات پہنچیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ اپنی ڈیوٹی انتہائی ایمانداری اور محنت سے کریں کیونکہ ہمارا دین کامل بھی ہمیں رزق حلال کے حصول کا درس دیتا ہے۔ اگر ہم ان دینی احکامات پر عمل پیرا ہوں تو نہ صرف دنیا میں اس کا پھل ملے گا بلکہ آخرت میں بھی اس کا اجر حاصل ہو گا۔ انہوں نے کورس کے شرکاء کو اپنی اپنی فیلڈ میں مزید محنت اور خلوص نیت سے کام کرنے کی ہدایت بھی کی۔ پروموشن ٹریننگ میں کل 15 امیدواروں نے شرکت کی جن میں ریونیو آفس بھلوال کی سدرہ مشال گل، سی ایف او آفس کے غلام مصطفیٰ، محمد ابرار اور محمد عثمان، ایکسین کنسٹرکشن فیسکو جھنگ کے محمد منصور مقبول، ایکسئین آپریشن بھلوال کے عامر سیف اللہ، ایس ایس اینڈ ٹی ڈویژن سرگودھا کے محمد اختر جبکہ چیف آف آڈٹ دفتر کے ذوالقرنین، فضل رسول، خدا یار حسین بلوچ، نذیر احمد، محمد عثمان، محمد عدنان، محمد رؤف باجوہ اور کاشف علی شامل ہیں۔ اختتامی تقریب میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر آر ٹی سی شاہد محمود، اسسٹنٹ ڈائریکٹر اکاؤنٹس محمد امجد، اسسٹنٹ ڈائریکٹر اکاؤنٹس خالد بن رشید، اسسٹنٹ ڈائریکٹر آڈٹ محمد وقاص رشید اور کلاس انچارج عبدالوحید بھی موجود تھے۔ تقریب کے اختتام پر ڈپٹی ڈائریکٹر آر ٹی سی فیسکو سجاد حیدر اعوان، اسسٹنٹ ڈائریکٹر شاہد محمود، محمد امجد، خالد بن رشید، محمد وقاص رشید اور کلاس انچارج عبدالوحید اکاؤنٹس نے کامیابی سے پروموشن ٹریننگ مکمل کرنیوالے شرکاء میں سرٹیفکیٹس تقسیم کئے۔



ڈپٹی ڈائریکٹر آر ٹی سی فیسکو سجاد حیدر اعوان، اسسٹنٹ ڈائریکٹر شاہد محمود، محمد امجد، خالد بن رشید، محمد وقاص رشید اور کلاس انچارج عبدالوحید اکاؤنٹس اسسٹنٹ اور آڈٹ اسسٹنٹ کی پروموشن ٹریننگ کے اختتام پر سرٹیفکیٹس تقسیم کر رہے ہیں

## چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر ٹو فیز ٹرانسفارمرز کو تھری فیز میں تبدیل کرنے کیلئے اقدامات

## ایس ای امیر خان نے فرسٹ سرکل کے مختلف علاقوں میں 25 ٹو فیز ٹرانسفارمرز کو تھری فیز میں تبدیل کرنے کی منظوری دے دی

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کے احکامات پر وولٹیج کے مسائل پر قابو پانے کیلئے ٹو فیز ٹرانسفارمرز کو تھری فیز میں تبدیل کرنے کیلئے اقدامات کئے گئے ہیں۔ سپرنٹنڈنگ انجینئر فرسٹ سرکل انجینئر امیر خان نے مختلف علاقوں سے موصول ہونے والی وولٹیج کی کمی بیشی کی شکایات کو دور کرنے کیلئے 25 ٹو فیز ٹرانسفارمرز کو تھری فیز میں تبدیل کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ مذکورہ ٹرانسفارمرز آئندہ دو ہفتوں کے دوان تبدیل کر دیئے جائیں گے جس سے صارفین کی شکایات کا ازالہ ہوگا اور ان کے وولٹیج کے مسائل حل ہوسکیں گے۔ ان علاقوں میں سٹی سب ڈویژن کے گول فوارہ ماڈل ٹاؤن بی، سول لائن سب ڈویژن کے مین کچہری بازار گلی نمبر 4، اسلام پورہ سب ڈویژن کے لاثانی ٹاؤن اور طارق ٹاؤن، سرگودھا ٹاؤن سب ڈویژن کے سہروردی، مسلم ٹاؤن سب ڈویژن کے باوا چک گلی نمبر 1، مدینہ ٹاؤن سب ڈویژن کے سی بلاک ایڈن گارڈن اور مدینہ ٹاؤن، منصور آباد سب ڈویژن کے وحید پارک، گٹ والا سب ڈویژن کے چک نمبر 197 ر۔ب، جڑانوالا روڈ سب ڈویژن کے آستانہ نعمت کالونی سب ڈویژن کے عثمان ٹاؤن، سٹی جڑانوالا سب ڈویژن کے انور آباد، فیصل آباد روڈ سب ڈویژن کے چک نمبر 23 گ۔ب، حیدر علی شاہ سب ڈویژن کے چک نمبر 109 گ۔ب، چک جھمرہ نمبر 1 سب ڈویژن کے چک نمبر 136 ر۔ب، چک جھمرہ نمبر 2 سب ڈویژن کے چک نمبر 143 ر۔ب، طارق آباد سب ڈویژن کے جی بلاک گلستان کالونی، مانانوالا سب ڈویژن کے 201 تلاواں، ملت ٹاؤن سب ڈویژن کے اے بلاک ملت ٹاؤن، حاجی آباد سب ڈویژن کے نصیر آباد، سٹی لالیاں سب ڈویژن کے مہریہ مسجد نزد قریشیاں، رورل لالیاں سب ڈویژن کے چک نمبر 50، چنیوٹ نمبر 1 سب ڈویژن کے جھنگ روڈ اور چنیوٹ نمبر 2 سب ڈویژن کے صدیق آباد شامل ہیں۔

## شعبہ کنسٹرکشن: فیسکو ریجن میں 209.905 ملین سے زائد کی لاگت سے مختلف منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا گیا

## ماہ جولائی میں 130.887 ملین سے زائد کی لاگت سے 76 دیہات میں بجلی کی فراہمی عمل میں لائی گئی

## 27.060 ملین کی لاگت سے 2 ایچ ٹی اور 51.418 ملین کی لاگت سے 46 ایل ٹی پرپوزلز مکمل کی گئیں

فیسکو شعبہ کنسٹرکشن کی طرف سے ماہ جولائی میں ریجن بھر میں 209.905 ملین سے زائد کی لاگت سے مختلف منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا گیا۔ ماہ جولائی میں 130.887 ملین سے زائد کی لاگت سے 76 دیہات میں بجلی کی فراہمی عمل میں لائی گئی جبکہ 27.060 ملین کی لاگت سے 2 ایچ ٹی اور 51.418 ملین کی لاگت سے 46 ایل ٹی پرپوزلز مکمل کی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق فیسکو کنسٹرکشن ڈائریکٹوریٹ نے ماہ جولائی میں فیصل آباد، جھنگ، سرگودھا اور میانوالی سرکلز کے آٹھ اضلاع فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ، میانوالی، سرگودھا، بھکر اور خوشاب میں 76 نئے دیہات روشن کرنے کے علاوہ 46 ایل ٹی پروپوزلز اور 2 فیڈروں کی تکمیل کرلی ہے جن پر 209.905 ملین روپے لاگت آئی ہے۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیر محمد عامر کی ہدایت پر پی ڈی کنسٹرکشن محمد اقبال جاوید کی زیر نگرانی 15.753 ملین کی لاگت سے فیصل آباد میں 13 ایل ٹی پروپوزلز، 15.021 ملین کی لاگت سے جھنگ میں 12، 10.815 ملین کی لاگت سے سرگودھا میں 12 جبکہ 9.829 ملین کی لاگت سے میانوالی میں 9 ایل ٹی پروپوزلز کو مکمل کیا۔ اسی طرح 43.869 ملین کی لاگت سے فیصل آباد میں 26 نئے دیہات، 26.328 ملین کی لاگت سے جھنگ میں 18، 27.718 ملین روپے کی لاگت سے سرگودھا میں 17 جبکہ 19.037 ملین روپے کی لاگت سے سرگودھا میں ایک ایچ ٹی پروپوزل مکمل کی گئی ہے۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیر محمد عامر نے شعبہ کنسٹرکشن کی کارکردگی کو سراہا ہے اور انہیں ہدایت کی ہے کہ وہ مزید جاری سکیموں کو بھی اسی جذبہ سے پایہ تکمیل تک پہنچائیں تاکہ ریجن بھر کے صارفین کو زیادہ سے زیادہ ریلیف ملے گا۔

# پاکستان کی آب وہوا کے لئے موزوں درخت کون کون سے ہیں؟



تحریر: انجینئر زاہد حسین
ڈپٹی ڈائریکٹر (ریٹائرڈ) فیسکو

پاکستان میں حالیہ گرمی کی شدت کی وجہ سے پاکستان کے ایک بڑے طبقے نے درختوں کی اہمیت کو محسوس کرنا شروع کر دیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سوشل میڈیا پر بھی درخت لگانے کے حوالے سے ایک تحریک سی چل نکلی ہے اور درخت لگانے کے حوالے سے طرح طرح کے نعروں سے فیس بک کی دیواریں سجی ہوئی ہیں۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر کوئی شخص درخت لگانا چاہتا ہے تو وہ کونسا درخت لگائے؟ یہ سوال اس لئے بھی اہمیت کا حامل ہے کہ پاکستان کے شہروں میں ہر جگہ نظر آنے والے کونو کارپس کے درخت کو ماہرین ماحول دوست قرار نہیں دے رہے۔ اسی طرح سفیدے کے بارے میں بھی لوگوں کے ذہن میں بہت سے سوالات ہیں۔ یہ مضمون اسی تناظر میں اپنے قارئین کے لئے پیش کر رہا ہوں تا کہ لوگ درخت لگانے کے حوالے سے رہنمائی حاصل کر سکیں۔ اس مضمون میں پاکستان کے مختلف خطوں کے لئے موزوں درختوں کی الگ الگ تفصیل بیان کی گئی ہے۔

جنوبی پنجاب کی آب وہوا زیادہ تر خشک ہے اس لئے یہاں خشک آب وہوا کو برداشت کرنے والے درخت لگائے جانے چاہئیں۔ خشکی پسند اور خشک سالی برداشت کرنے والے درختوں میں بیری، شریں، سوہانجنا، کیکر، پھلائی، کھجور، وان، جنڈ اور فراش کے درخت قابل ذکر ہیں۔ اسکے ساتھ آم کا درخت بھی جنوبی پنجاب کی آب وہوا کیلئے بہت موزوں ہے۔ وسطی پنجاب میں نہری علاقے زیادہ ہیں اس میں املتاس، شیشم، جامن، توت، سمبل، پیپل، بکاین، ارجن اور لسوڑا لگایا جانا چاہئے۔ شمالی پنجاب میں کچنار، پھلائی، کیل، اخروٹ، بادام، دیودار، اوک کے درخت لگائے جائیں۔ کھیت میں کم سایہ دار درخت لگائیں انکی جڑیں بڑی نہ ہوں اور وہ زیادہ پانی استعمال نہ کرتے ہوں۔ سفیدہ صرف وہاں لگائیں جہاں زمین خراب ہو یہ سیم وتھور ختم کر سکتا ہے سفیدہ ایک دن میں 25 لیٹر پانی پیتا ہے۔ لہذا جہاں زیر زمین پانی کم ہو اور فصلیں ہوں وہاں سفیدہ نہ لگائیں۔

اسلام آباد اور سطح مرتفع پوٹھوہار کے لئے موزوں درخت دلو، پاپولر، کچنار، بیری اور چنار ہیں۔ زیتون کا درخت بھی یہاں لگایا جا سکتا ہے۔ سندھ کے ساحلی علاقوں میں پام ٹری اور کھجور لگانا چاہیے۔ کراچی میں املتاس، برنا، نیم، گلمہور، جامن، پیپل، بینیان، ناریل اور اشوکا لگایا جائے۔ اندرون سندھ میں کیکر، بیری، پھلائی، ون، فراش، سہانجنا اور آسٹریلین کیکر لگانا چاہیے۔ کراچی میں ایک بڑے پیمانے پر کونو کارپس کے درخت لگائے گئے ہیں۔ یہ درخت کراچی کی آب وہوا سے ہرگز مطابقت نہیں رکھتے۔ یہ درخت شہر میں پولن الرجی کا باعث بن رہے ہیں۔ یہ دوسرے درختوں کی افزائش پر بھی منفی اثر ڈالتے ہیں۔

بلوچستان کے علاقے زیارت میں صنوبر کے درخت لگائے جانے چاہئیں۔ زیارت میں صنوبر کا قدیم جنگل بھی موجود ہے۔ زیارت کے علاوہ دیگر بلوچستان خشک پہاڑی علاقہ ہے اس میں ون، کرک، پھلائی، کیر، بڑ، چلغوزہ، پائن، اولیو اور ایکیکا لگایا جانا چاہئیے۔ کے پی کے اور شمالی علاقہ جات کے لئے شیشم، دیودار، پاپولر، کیکر، ملبری، چنار اور پائن ٹری لگایا جائے۔ پاکستان میں درخت لگانے کا بہترین وقت فروری مارچ اور اگست ستمبر کے مہینے ہیں۔ درخت لگاننے کے بعد ان کی حفاظت کرنا بھی بہت ضروری ہے۔ اگر آپ سکول کالج یا پارک میں درخت لگا رہے ہیں تو درخت ایک قطار میں لگے گیں اور ان کا فاصلہ دس سے پندرہ فٹ ہونا چاہیے۔ گھر میں لگاتے وقت دیوار سے دور زمین میں ڈیڑھ فٹ گہرا گڑھا کھود کر لگائیں۔ بھل (اورگینک ریت مٹی سے بنی) لائیں گڑھے میں ڈالیں، پودا اگر کمزور ہے تو اس کے ساتھ ایک چھڑی باندھ دیں۔ پودا ہمیشہ صبح یا شام کے وقت لگائیں۔ دوپہر میں لگانے سے پودا سوکھ جاتا ہے۔ پودا لگانے کے بعد اس کو پانی دیں۔ گرمیوں میں ایک دن چھوڑ کر جبکہ سردیوں میں ہفتے میں دو بار پانی دیتے جائیں۔ پودے کے گرد کوئی جڑی بوٹی نظر آئے تو اسکو کھرپے سے نکال دیں۔ اگر پودا مرجھانے لگے تو گھر کی بنی ہوئی کھاد یا یوریا فاسفورس والی کھاد اس میں ڈالیں لیکن بہت زیادہ نہیں ڈالنی، زیادہ کھاد سے بھی پودا سڑ سکتا ہے۔ بہت سے درخت جلد بڑے ہو جاتے ہیں کچھ کو بہت وقت لگتا ہے۔ سفیدہ پاپولر سنبل شیشم جلدی بڑے ہو جاتے ہیں جبکہ دیودار اور دیگر پہاڑی درخت دیر سے بڑے ہوتے ہیں۔ گھروں میں کوشش کریں شہتوت، جامن، سہانجنا، املتاس، بکائن یا نیم لگائیں۔

## وفاقی وزیر توانائی (پاور ڈویژن) سردار اویس احمد خان لغاری اور چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کی خصوصی ہدایات

### فیسکو ریجن میں کھلی کچہریوں کے دوران ایس ڈی اوز صارفین کے مسائل کے فوری ازالہ کیلئے مصروف عمل ہیں







# NEPRA ASAAN APPROACH

## بجلی کے مسائل کا حل

## بروقت، ہر وقت

## FEATURES

- REGISTER COMPLAINT
- TRACK COMPLAINT




## SCAN & SIGN UP

GET IT ON Google Play

Download on the App Store

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو)

ویسٹ کینال روڈ، فیصل آباد | www.fesco.com.pk | ٹول فری نمبر 0800-66554 | ہیلپ لائن 118